CCPS An AIChE Technology Alliance
Center for Chemical Process Safety
www.aiche.org/ccps

Process Safety Beacon

http://www.aiche.org/CCPS/Publications/Beacon/index.aspx
Messages for Manufacturing Personnel

This issue sponsored by
ioMosaic
www.iomosaic.com

نومبر 2019

# یہ بٹن کیا کرتا ہے؟



کسی بھی سیفٹی سسٹم (کنٹرول سسٹم) کے لیے ضروری ہے کہ اس کا ایک طے شدہ مقصد ہو۔ جب بھی ضرورت پڑے، اسے قابل اعتماد طور پر بشمول (ESD ایمر جنسی شٹ ڈاؤن) اپنا حفاظتی مقصد ڈیزائن کے مطابق پورا کرنا چاہیے۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ سیفٹی سسٹم (کنٹرول سسٹم) آپ کے پراسیس کے لیے کیسے کام کرتا ہے؟ اگر آپ دوسروں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں یہ سسٹم کیسے کام کرتے ہیں، کیا آپ کو مختلف جوابات ملتے ہیں؟

کسی بھی کریٹیکل سیفٹی سسٹم کے درست طریقے سے کام کرنے کا صرف ایک ہی طریقہ ہوتا ہے، اور سب کو اس کے متعلق پتا ہونا چاہیے۔ پراسیس کنٹرول سسٹم کا حقیقی مقصد پراسیس کو اس کی کریٹیکل کنٹرول لمٹس (حفاظتی حدود) میں رکھنا ہوتا ہے— ملاحظہ کریں (جون 2015 کا سیفٹی بیکن)۔ یہ سمجھنا ضروری ہے کہ جب پراسیس مقرر کردہ حدود (سیف آپریٹنگ لمٹس) سے باہر آپریٹ کرے، بروقت حفاظتی ایکشن ضروری ہو جاتا ہے جس میں ایمر جنسی شٹ ڈاؤن سسٹم کا ایکٹیویٹ ہونا بھی شامل ہو سکتا ہے۔ آپریٹرز کو ضروری طور پر ٹرینڈ ہونا چاہیے کہ کب اور کیا ایکشن لینا ہے۔




سیفٹی سسٹمز کی مناسب سمجھ نہ ہونے کی صورت میں سنگین مسائل ہو سکتے ہیں کیونکہ عین ممکن ہے کہ اس صورت میں آپریٹر ان پر اعتماد کرنے کی بجائے خود سے کوئی ایکشن لیں جو غلط بھی ہو سکتے ہیں۔ وہ غلطی سے سیفٹی سسٹمز پر ان کی صلاحیت سے زیادہ انحصار کرتے ہوئے ایسے حفاظتی اقدامات کی توقع بھی رکھ سکتے ہیں جن کے لیے سیفٹی سسٹمز کو ڈیزائن ہی نہیں کیا گیا۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- سیفٹی سسٹمز بشمول ESD ایمر جنسی شٹ ڈاؤن کو ایسے ڈیزائن، پروگرام اور ٹیسٹ کیا جاتا ہے کہ وہ پراسیس اور مشین کی سیفٹی ضروریات کو پورا کر سکیں۔ تمام تبدیلیوں کو مینیجمنٹ آف چینج پراسیس کے تحت منظور کیا جانا چاہیے۔ ملاحظہ کریں (جولائی 2017 کا سیفٹی بیکن)۔
- سیفٹی سسٹمز مثلاً پریشر ریلیف والو، پراسیس محفوظ کرنے کے لیے ہوتے ہیں نہ کہ کنٹرول کرنے کے لیے۔ ملاحظہ کریں (مارچ 2016 کا سیفٹی بیکن " سیفٹی ڈیوائس یا کنٹرول ڈیوائس؟")۔
- بجلی، انسٹرومنٹ ائیر یا کسی اور یوٹیلیٹی کے منقطع ہونے کی صورت میں سیفٹی سسٹمز کا پہلے سے طے شدہ ریسپانس ہوتا ہے۔ یہ معلومات عمومی طور پر پائپنگ اور انسٹرومنٹ ڈایاگرام (P&ID) پر درج ہوتی ہے۔
- عام طور پر کمپنیوں میں "کام کو بند کرنے کا اختیار" کی پالیسی ہوتی ہے جو آپریٹر کو اختیار بلکہ ذمہ داری دیتی ہے کہ اگر پراسیس اختیار سے باہر (آؤٹ آف کنٹرول) ہو تو اسے بند کریں۔

## آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- اپنے سپروائزر یا ٹرینرز سے پوچھیں کہ کسی ہنگامی صورت حال میں سیفٹی سسٹمز کیسے کام کریں گے اور ایسا کیوں ہے؟ جتنا زیادہ آپ کو معلوم ہو گا، ضرورت کے وقت آپ اتنا ہی بہتر طریقے سے کنٹرول کر سکیں گے۔
- اپنی آنے والی سیفٹی کمیٹی کی میٹنگ میں "سیفٹی سسٹمز" کے موضوع پر بات کریں۔ اگر مختلف لوگوں کے خیال میں سسٹم مختلف طریقے سے کام کرتا ہے تو سمجھ جائیں کو آپ کو ایک بڑا مسئلہ درپیش ہے۔
- پراسیس حیزرڈ اینالیسس (PHA) یا مینیجمنٹ آف چینج (MOC) کے دوران ایسے انتہائی ضروری (کریٹیکل) سسٹمز کے بارے میں اپنے علم اور فیلڈ میں حاصل شدہ تجربے کے تحت مکمل ایمانداری سے جائزہ لیں۔ کسی بھی شک کی صورت میں مکمل تحقیق کریں تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ سیفٹی سسٹم ہمیشہ درست طریقے سے کام کرے۔

**جانیے کہ آپ کے سیفٹی سسٹمز (حفاظتی نظام) کیسے کام کرتے ہیں۔**

Translated
Zeeshan - Australia

©AIChE 2019. All rights reserved. Reproduction for non-commercial, educational purposes is encouraged. However, reproduction for any commercial purpose without express written consent of AIChE is strictly prohibited. Contact us at ccps_beacon@aiche.org or 646-495-1371.